# 04-03-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

...... وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ان کی حکومت خودکفیل ہندوستان کے وژن کے ساتھ کام کررہی ہے اوراس نے اصلاحات کی رفتار کو تیز کردیا ہے۔

......چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے تمام چیف الیکٹورل آفیسرز، ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسرز اور بوتھ لیول آفیسر کو شفاف طریقے سے کام کرنے اور تمام قانونی ذمہ داریوں کو ذمہ داری سے پورا کرنے کی تلقین کی۔

...... چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی وزیر خوراک پرہلاد جوشی سے ملاقات کی اور خوراک کی تقسیم اور سول سپلائی سے متعلق اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

4...... ناگرکرنول ضلع کے ڈومالا پنٹا میں جزوی طور پر منہدم ہونے والی ایس ایل بی سی سرنگ کے اندر ریسکیو آپریشن آج حادثے کے 11 ویں دن بھی تیز رفتاری سے جاری ہے۔

PM -WEBINAR

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ حکومت خودکفیل ہندوستان کے وژن کے ساتھ کام کررہی ہے اور اصلاحات کی رفتار کو تیز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے گزشتہ 10 سالوں میں مسلسل اصلاحات، مالیاتی نظم وضبط،شفافیت اور جامع ترقی کے لیے اپنی وابستگی کا مظاہرہ کیا ہے۔معیشت میں MSMEs کی اہمیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ MSMEs ملک کی اقتصادی ترقی میں تبدیلی کا کردار ادا کرتے ہیں۔مودی MSME پر ایک انجن آف گروتھ کے طور پر منعقدہ بجٹ کے بعد کے ویبنار سے خطاب کررہے تھے۔وزیراعظم نے نشاندہی کی کہ مستحکم پالیسی اور اچھا کاروباری ماحول ترقی کے لیے اہم ہے۔

(PM–BYTE)

وزیراعظم مودی نے مزید کہا کہ حکومت جن وشواس 2.0 بل پر کام کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجٹ میں مینوفیکچرنگ اور برآمدات کے فروغ کے لیے اہم اقدامات کئے گئے ہیں۔

CEC-CEO

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے تمام چیف الیکٹورل آفیسرز،ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسرز اور بوتھ لیول آفیسر کو نصیحت کی ہے کہ شفاف طریقے سے کام کریں اور تمام قانونی ذمہ داریوں کو ذمہ داری کے ساتھ پورا کریں۔ وہ آج نئی دہلی میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف الیکٹورل آفیسرز کے سی ای اوز کی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔گیانیش کمار نے عہدیداروں کو سیاسی

پارٹیوں تک قابل رسائی اور جوابدہ رہنے کی ہدایت کی۔ چیف الیکشن کمشنر نے یہ بھی کہا کہ ہر سی ای او کی طرف سے مسائل کی بنیاد پر الیکشن رپورٹ اس ماہ کی 31 تاریخ تک متعلقہ ڈپٹی الیکشن کمشنر کو جمع کرائی جائے۔ کمار نے مزید کہا کہ عہدیداروں کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ملک کے تمام شہری جن کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے ووٹر کے طور پر رجسٹر ڈ ہوں۔

CM -JOSHI

وزیراعلی ریونت ریڈی نے آج مرکزی وزیر تغذیہ پرہلا د جوشی سے ملاقات کی اور غذائی اجناس کی تقسیم اور سیول سپلائز سے متعلق اہم امور پر بات چیت کی۔ وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے ہمراہ چیف منسٹر نے اس موقع پر بہتر پالیسی کی ضرورت پر زور دیا۔ چیف منسٹر نے چیالنجس سے نمٹنے اور تلنگانہ کی عوام کے فائدے کے لئے بغیر کسی روکاوٹ کے سپلائی چین کو یقینی بنانے میں مرکزی وزیر سے تعاون بھی طلب کیا۔

COUNTING

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے انتخابات میں میدک-نظام آباد-عادل آباد-کریم نگر گریجویٹس حلقہ سے 21,000 سے زیادہ ووٹوں کو کالعدم قرار دیا گیا ہے، جہاں گنتی کا عمل آج دوسرے دن بھی جاری رہا۔ گنتی کے عملے نے 2.10 لاکھ ووٹوں کی گنتی مکمل کی۔ زیادہ سے زیادہ 21,000 ووٹ غلط پائے گئے جس کی بنیادی وجہ بیلٹ پیپرز پر غلط نشانات تھے۔ واضح رہے کہ دو راونڈ کی گنتی مکمل ہو چکی ہے اور تیسرے راونڈ کا آج شام آغاز ہوگا۔ اس حلقے میں کانگریس اور اپوزیشن بی جے پی کے درمیان براہ راست مقابلہ ہے۔ فی الحال کانگریس کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر ٹی جیون ریڈی نمائندگی کررہے ہیں۔ کانگریس نے وی نریندر ریڈی کو میدان میں اتارا، جو بی جے پی کے سی انجی ریڈی کے خلاف ہیں۔ مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ اساتذہ نے بی جے پی پر بھروسہ کیا ہے۔ بنڈی سنجے نے پیشین گوئی کی کہ آنے والے دنوں میں بی جے پی تلنگانہ میں برسراقتدار آئے گی۔

KTR

بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج عادل آباد میں سیمنٹ کارپوریشن آف انڈیا (سی سی آئی) کے اثاثوں کو فروخت کرنے کے مرکز کے منصوبے کی مخالفت کی۔ کے ٹی آر نے اسے غلط اقدام قرار دیا اور کہا کہ ان کی پارٹی تمام پلیٹ فارمز پر اس اقدام کی سختی سے مخالفت کرے گی اور اس وقت تک لڑے گی جب تک مرکزی حکومت اپنا فیصلہ واپس نہیں لے لیتی۔ سوشیل میڈیا سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں، سرسلہ کے ایم ایل اے نے الزام لگایا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) زیر قیادت مرکزی حکومت گزشتہ سال کے لوک سبھا انتخابات کے دوران عادل آباد کے سی سی آئی کو بحال کرنے کا وعدہ کرکے ریاست کے لوگوں کو دھوکہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز اب کروڑوں روپے کے سی سی ایل آلات کو اسکریپ کے طور پر فروخت کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے ایک خبر کا بھی حوالہ دیا جس میں کہا گیا کہ حکومت ہند نے سی سی آئی کی مشینری کی نیلامی کے لیے ٹینڈر طلب کیے ہیں۔

BRS MLAS

تلنگانہ اسمبلی اسپیکر کو بھارت راشٹرا سمیتی کے ارکان اسمبلی کی نااہلی کے فیصلے کے معاملے کو تیز کرنے کے لئے سپریم کورٹ نے ایک عرضی کی سماعت کے بعد یہ ہدایت دی۔ واضح رہے کہ بی آر ایس سے منحرف ہوکر کانگریس میں شامل ہونے والے اراکین اسمبلی کے معاملے کی سماعت اب سپریم کورٹ نے پچیس تاریخ تک ملتوی کردی ہے۔ اس کے علاوہ جسٹس بی آر گوئی کی سربراہی والی بنچ نے جواب داخل کرنے کی تاریخ بائیس مارچ مقرر کی ہے۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راماراو نے اراکین اسمبلی پی کوشک ریڈی۔ اور ویویکانند کے ساتھ مل کر پارٹی کے سابق ممبران کے خلاف درخواست داخل کی جو پہلے بی آر ایس سے وفاداری کا عہد کرچکے تھےلیکن بعد میں منحرف ہوکر کانگریس میں شمولیت اختیار کی۔ عدالت نے اس ضمن میں منحرف ارکان اسمبلی، قانون ساز سکریٹری اور الیکشن کمیشن آف انڈیا کو بھی اس ضمن میں نوٹس جاری کی ہے۔

PETETION

تلنگانہ ہائی کورٹ نے سابق چیف منسٹر اور گجویل کے رکن اسمبلی کے چندر شیکھر راو کے اسمبلی کی کاروائی سے غیر حاضری سے متعلق چیالنج کی عرضی کی سماعت کی۔ واضح رہے کہ وجئے پال ریڈی کی جانب سے مفاد عامہ کی عرضی پی آئی ایل کے طور پر داخل کی گئی درخواست میں قائد حسب اختلاف کے عہدے پر ہونے کے باوجود کے چندر شیکھر راو کی ایوان اسمبلی کی کاروائی میں مسلسل غیر حاضری پر سوال اٹھائے گئے ہیں۔ سماعت کے دوران درخواست گذار کے وکیل نے یہ دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے یہ ان کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ اسمبلی میں عوامی تحفظات کو پیش کریں ۔تاہم عدالت نے اس معاملے میں مداخلت کے لئے دائر اختیار کی بنیاد پر سوال اٹھایا۔ دریں اثناء اسمبلی کے قانون ساز امور کے وکیل نے استدلال کیا کہ پی آئی ایل میں اس مسئلہ پر قانونی موقف کی کمی ہے۔ ابتدائی دلائل سننے کے بعد ہائی کورٹ نے کیس کی مزید سماعت آئندہ دو ہفتوں کے ملتوی کردی۔

SLBC

جزوی طور پر منہدم ہونے والی SLBC سرنگ کے اندر ریسکیو آپریشن ناگر کرنول ضلع میں ڈومالا پنٹا میں آج حادثہ کے 11 ویں دن تیز رفتاری سے کام جاری ہے اور عہدیداروں کو یقین ہے کہ تباہ شدہ کنویئر بیلٹ جلد از جلد کام کرے گا۔ ایک اہلکار جو آپریشن کا حصہ ہے نے بتایا کہ پھنسے ہوئے آٹھ افراد کو تلاش کرنے کی کوششوں میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی اور ریسکیو کرنے والے روزانہ تین شفٹوں میں کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملبہ ہٹانے اور پانی نکالنے کا عمل جاری ہے۔ ٹنل کے اندر کیچڑ اور پانی کی بڑی مقدار نے ریسکیو آپریشن میں شامل ٹیموں کے لیے ایک چیلنج کھڑا کر دیا ہے۔ این ڈی آر ایف، ہندوستانی فوج، بحریہ اور دیگر ایجنسیوں کے ماہرین انہیں محفوظ طور پر نکالنے کے لیے انتھک کوششیں کر رہے ہیں۔

BC

بی سی کمیشن نے اس واقعہ پر سنجیدگی سے نوٹ لیا ہے جہاں دسویں جماعت کی طالبہ تیپتا نے اساتذہ کی طرف سے مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے کی وجہ سے وقار آباد ضلع کے کوٹھا گڑی میں اسکول کی عمارت سے چھلانگ لگا دی تھی، جس کے نتیجے میں اس کے پیر میں فریکچر ہوگیا

تھا۔کمیشن نے وکارا آباد کے ضلع کلکٹر اور تلنگانہ سماجی بہبود رہائشی تعلیمی اداروں کے سکریٹری کو خط لکھ کر تفصیلی جانچ کرنے اور 10 دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔کمیشن نے اساتذہ کی طرف سے طلباء کو ہراساں کرنے کے بار بار ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔جس کے نتیجے میں خودکشی کی کوشش کی گئی۔ بی سی کمیشن نے ایسے واقعات کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کے لیے اصلاحی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

## GRAM PANCHAYT

پنچایت راج کی مرکزی وزارت خواتین کے لیے موزوں گرام پنچایتوں کا نمونہ پروگرام کا نئی دہلی میں کل ہونے والے قومی کنونشن میں آغاز کرنے والی ہے۔ یہ اقدام وزارت کے خواتین کے عالمی دن 2025 کی تقریبات کا ایک حصہ ہے۔اس اقدام کا بنیادی مقصد ہر ضلع میں کم از کم ایک ماڈل وومن فرینڈلی گرام پنچایت قائم کرنا ہے، جو صنفی حساس اور لڑکیوں کے لیے دوستانہ طرز حکمرانی کے لیے ایک روشنی کا کام کرے گی۔

## EXAM

کل سے شروع ہونے والے انٹرمیڈیٹ پبلک ایگزمیشن سے قبل رچہ کونڈہ کمشنریٹ میں امتحانی مراکز کے قریب عوامی اجتماعات پر پابندی عائد کی گئی ہے۔رچہ کونڈہ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے اس سلسلے میں حکم جاری کیا۔ بھارتیہ ناگریک سرکشا سنہیتا۔بی این ایس ایس۔کی دفعہ۔ 163 کے تحت یہ پابندیاں لگائی گئی ہیں۔جو کل صبح چھ بجے سے پچیس مارچ کی شام چھ بجے تک جاری رہیں گی۔